الدَّرسُ الثَّانِیُ ۔(2)

# لفظ اور اس کی اَقسام

(Word and its kinds)

لفظ (Word)

مُہمل (بے معنیٰ) (Meaningless Word) — مَوضُوع (بامعنیٰ) (Meaningful word)

مُرَکَّب (جملہ وکلام) Compound Sentencce & Composition — مُفرَد (کَلِمَہ) (Single)

حرف (Particle) — فعل (Verb) — اسم (noun)

**1۔ لفظ:۔** جو بات انسان کے منہ سے نکلتی ہے اُسے لفظ کہتے ہیں لفظ کی دو اقسام ہیں لفظِ موضوع اور لفظِ مُہمل ۔

**a۔ لفظِ موضوع:۔** ہر بامعنیٰ لفظ کو لفظِ موضوع کہتے ہیں مثلاً زَید۔ اَلحمدُ

**b۔ لفظِ مہمل:۔** بے معنیٰ کو مہمل کہتے ہیں جیسے پانی وانی، روٹی ووٹی ان مثالوں میں پانی اور روٹی بامعنیٰ لفظ ہیں اور وانی اور ووٹی بے معنیٰ مہمل لفظ ہیں۔ اسی طرح عربی میں چند مہمل لفظوں کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں جیسے دَیزٌ ۔ جَسَقٌ۔ سَامُوجٌ

**نوٹ۔** یاد رکھیں علمی گفتگو بامعنیٰ لفظ سے ہی سکتی ہے۔ مہمل کلام بے فائدہ ہوتا ہے اور قرآنِ حکیم میں اور حدیثِ نبوی میں کوئی لفظ یا حرف بے معنیٰ و بے مقصد نہیں ہے

**2۔ لفظِ موضوع کی اقسام:۔** بامعنیٰ لفظ کی دو اقسام ہیں:

**a۔ مفرد یا کلمہ** ............ **b۔ مرکب (جملہ وکلام)**

**مفرد:۔** ایسا لفظ جو اکیلا ہو اور کوئی نہ کوئی معنیٰ ضرور رکھتا ہو اسے **کلمہ** بھی کہتے ہیں **مثلاً** اَلْکِتَابُ۔ قَلَمٌ۔ نَعْبُدُ۔ ضَرَبَ۔ فِیْ۔ علیٰ۔ مِنْ وغیرہ

**مرکب:۔** ایسا موضوع لفظ ہے جو دو یا دو سے زیادہ کلموں سے مل کر بنا ہو اُسے مرکب کہتے ہیں **جیسے** رَبٌّ العَالَمِینَ۔ اَلصِّراطُ المُستَقِیمُ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ۔ مُحَمَّدٌ رَّسولُ اللّٰہِ۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ۔ لَمْ یَلِدْ وغیرہ۔

## 5۔ کلمہ کی اقسام:۔ (Kinds of Kalima)

عربی میں مفرد یا کلمہ کی تین اقسام ہیں جنہیں کلماتِ ثلاثہ یا سہ اقسام بھی کہتے ہیں

**a اسم**:۔ وہ کلمہ ہوتا ہے جو اپنا ایک مستقل معنیٰ رکھتا ہے اور تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ اُس میں نہ پایا جائے مثلاً اَلکتابُ۔ زَید

نوٹ۔ مثالوں سے پہچان حاصل کرلیں کہ جس لفظ کے شروع میں الف لام ہو یا جس کے آخر پر تنوین (ـًـٍـٌ) ہو وہ ہمیشہ اسم ہوتا ہے اور زمانے تین ہوتے ہیں۔ ماضی یعنی گزرا ہوا، حال یعنی موجودہ اور مستقبل یعنی آنے والا

**b فعل**:۔ وہ کلمہ جو اپنا مستقل معنیٰ رکھتا ہو اور تینوں زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ بھی اُس میں پایا جائے مثلاً عوزُ۔ نَعبُدُ۔ ضَرَبَ وغیرہ

**c حرف**:۔ وہ کلمہ جو مستقل معنیٰ نہ رکھتا ہو بلکہ کسی دوسرے کلمے سے مل کر اپنا معنیٰ دے اُسے حرف کہتے ہیں مثلاً مِن (سے) فِي (میں) علیٰ (پر) اِسم فعل اور حروف کی اکٹھی مثال۔ اٰمَنتُ بِاللہ۔ (میں اللہ پر ایمان لایا)

---

مشق نمبر:------ 1 -------Exercise no

قرآنِ حکیم کی آخری سورت اَلناس سے مفرد اور مرکب کی پہچان کر کے الگ الگ کریں۔

مشق نمبر:--------- 2 -------Exercise no

قرآنِ حکیم کی پہلی سورۃ اَلفاتحہ (الحمد شریف) سے کلماتِ ثلاثہ یعنیٰ اسم فعل اور حرف پہچان کر الگ الگ کریں

مشق نمبر:------- 3 --------- Exercise no

قرآن کریم کی دوسری سورۃ "البقرۃ" کی پہلی 10 آیات کو غور سے تلاوت کریں اور سہ اقسام یعنیٰ اسم، فعل، اور حرف الگ الگ کریں